www.emarsiya.com

۱

علی کے بیٹوں کا دل غم سے ہو دو نیم ہوئے
حسین حسن بن دنیا میں اب یتیم ہوئے

۲

خدای جانے ہوئی ایسی کیا خطا مجھسے
جو میرا پوچھنے والا ہوا خفا مجھسے

۳

مفصل اسکا نشان ہر حق بتا ہمکو
کہ تیری باتوں سے ملتا ہے کچھ پتا ہمکو

۴

کئی دنوں سے یہ برگشتہ ہیں نصیب مرے
مرا مسیح جو آیا نہیں قریب مرے

۵

عجب ہے کیونکہ اسے چین اتنی دیر ہوا
جو چھوڑا مجھکو مجھے کیا وہ مجھسے سیر ہوا

۶

تمہاری بھی بہت اسکی خو سے ملتی ہے
تمہاری بو بھی بہت اسکی بو سے ملتی ہے

۷

خدا ہماری طرف اور ہم خدا کی طرف
یہ کہہ کے رو کے چلے دونوں اس گدا کی طرف

۸

یہ غنچہ دل کا کلی کی طرح کھلتا ہے
مشام جان مرا اس بو کو اب ترستا ہے

۹

تجھے ہے نام سے کیا بندۂ خدا مومن
خدا کے پاس جو بیٹھا ہوں اک گدا مومن

Scanned with CamScanner

www.emarsiya.com

۱۰

[illegible]

غرض وہ ذکر خدا جب زبان پہ لاتا تھا
سب اہل دشت وجبل سے جواب پاتا تھا

۱۱

[illegible]

یہ غم رسیدہ ہی گویا کہ غم نصیب کے پاس
ہی اک غریب کے آ بیٹھا اک غریب کے پاس

۱۲

[illegible]

کو پانی سرد پلاتا تھا جام بھر بھر کے
نوالے آپ کھلاتا تھا سرد کر کر کے

۱۳

[illegible]

عبا کا فرش وہ میرے تلے بچھاتا تھا
سر اپنے زانو پہ رکھکر مجھے سُلاتا تھا

۱۴

[illegible]

جو تیرا کام ہی مجھ سے ذرا نہیں ہوتا
کہ تیرا کچھ حق خدمت ادا نہیں ہوتا

۱۵

[illegible]

وہ دستگیر جہان تھا امام والا تھا
وہی غریبوں کی پرداخت کرنے والا تھا

۱۶

[illegible]

ہمارے باپ تمہیں غمگسار کو مارا
مہ صیام میں اُس روزہ دار کو مارا

۱۷

[illegible]

سوئے جنان شہ والا سدھارا دنیا سے
وہ تیرا پوچھنے والا سدھارا دنیا سے

۱۸

[illegible]

ہوئی نہ قدر شہنشاہ بحر و بر مجکو
مسیح آیا گیا اور نہ ہوئی خبر مجکو

Scanned with CamScanner

www.emarsiya.com

۱۹

[illegible]

بلاؤں لاکھ نہیں پھر دہنا دو دین آتا
گیا جو وقت غرض ہاتھ وہ نہیں آتا

۲۰

[illegible]

جو میرا مردِ قدر حیدر یہ دم نکلجاوے
بھرا جو دل میں ہے اندوہ و غم نکلجاوے

۲۱

[illegible]

علی کی قبر پہ جسد مر گئے شبیر
ادھر لگو رکر اغش ہو ادھر حسنین

۲۲

[illegible]

جو سو رہے خاک میں تم سو گئے نصیب
مرے امام مرے پیشوا حبیب

۲۳

[illegible]

تمھارے مرنے سے پہلے ہی میں گذر جاتا
کچھ ایسا ہوتا کہ تم جیتے او میں مرجاتا

۲۴

[illegible]

طعام و آب اب منہ سے میں لگاؤنگا
نہ اب میں پانی پیونگا نہ کھانا کھاؤنگا

۲۵

[illegible]

عبا کا فرش بچھا کر تجھے سلا دینگے
اور اپنے ہاتھوں سے کھانا تجھے کھلا دینگے

۲۶

[illegible]

جو کچھ ضرور ہو مجھکو وہ سب مرے
پر آشنا کا نہیں یہاں یہ اب میسر کی

۲۷

[illegible]

مرے حبیب کی خدمت کا اور عالم تھا
مرے شفیق کی شفقت کا اور عالم تھا

www.emarsiya.com

۲۸

[illegible]

لغیر دوست نہیں لطف زندگانی کا
یمن اسکے ہاتھ مزا کیا ہے کھانے پانی کا

۳۱

[illegible]

امام زادے بصد شور و شین رونے لگے
بسوز و درد حسنؑ اور حسینؑ رونے لگے

۳۴

[illegible]

لقیب دیکھو تو اس مرد صاحب ایماں کا
علیؑ کی شیعوں نے جسکے غم سے منھ ڈھانکا

۲۹

[illegible]

کہ میرے تن سے جدا اب روح قفس کری
بحق احمد مختار لے خبر میری

۳۲

[illegible]

عقیدہ پاک تھا تیرا سو جائے پاک ملی
کہ ایسی خاک مطہر میں تیری خاک ملی

۳۵

[illegible]

الم سے اسکے سب آل نبی ملول ہوئے
علیؑ کے تیجے کے ساتھ اُس ولی کے پھول ہوئے

۳۰

[illegible]

جو اہل صدق ہیں کب رنج ہجر سہتے ہیں
جہاں میں عاشق صادق انہیں کو کہتے ہیں

۳۳

[illegible]

کمال حالت زینب تباہ ہونے لگی
حسنؑ حسینؑ کی چھاتی سے لگ کے رونے لگی

۳۶

[illegible]

ذرا اس مہینے میں غافل نہ ہو تم اس غم سے
یہ صیام بھی کچھ کم نہیں محرم سے

Scanned with CamScanner